حیسکو پریس ریلیز مورخہ 12.10.2026

ہم اپنے بہترین صارفین کو 24 گھنٹے بجلی دینے کی روشنیوں کے سفر کو جاری رکھتے ہوئے 77 ویں فیڈر ڈاکٹر نور محمد میمن کو زیرو لوڈ شیڈنگ کر دیا ہے، اب تک 1 لاکھ 50 ہزار صارفین اس سہولت سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں آپ سے اپیل ہے کہ اس کی قدر کریں، یہ انمول تحفہ ہے آپکے گھر اور کاروبار کو روشن رکھنے کا اخلاقی معاہدہ کریں جس کے تین نکات ہیں (1) ہم چوری نہیں ہونے دیں گے، (2) نہ ہی خود چوری کریں گیں، (3) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تا کہ AT&C کنٹرول میں رہے، حیسکو اور بجلی صارفین نے اس پر مکمل عمل کرتے ہوئے زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈر کی سہولت کے تحت بجلی استعمال کرتے رہیں گے، قلیل مدت میں یہ منصوبہ مکمل کرنے پر اپنے تمام افسران اور ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری۔

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 77 ویں 11 کے وی ڈاکٹر نور محمد میمن فیڈر کو لوڈ شیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے بہترین صارفین کو 24 گھنٹے بجلی دینے کی روشنیوں کے سفر کو جاری رکھتے ہوئے 77 ویں فیڈر ڈاکٹر نور محمد میمن کو زیرو لوڈ شیڈنگ کر دیا ہے، اب تک 1 لاکھ 50 ہزار صارفین اس سہولت سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں آپ سے اپیل ہے کہ اس کی قدر کریں، یہ انمول تحفہ ہے آپکے گھر اور کاروبار کو روشن رکھنے کا اخلاقی معاہدہ کریں جس کے تین نکات ہیں (1) ہم چوری نہیں ہونے دیں گے، (2) نہ ہی خود چوری کریں گیں، (3) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تا کہ AT&C کنٹرول میں رہے، حیسکو اور بجلی صارفین نے اس پر مکمل عمل کرتے ہوئے زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈر کی سہولت کے تحت بجلی استعمال کرتے رہیں گے، قلیل مدت میں یہ منصوبہ مکمل کرنے پر اپنے تمام افسران اور ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈ شیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرو لوڈ شیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تا کہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن سٹیزن آفتاب ڈاہانی کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار نے عوام کو زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈر کی سہولت میسر آنے پر مبارکباد پیش کی اور حیسکو افسران سمیت محنت کش تکنیکی عملے کی شب و روز کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی عوام کے تعاون اور حیسکو ملازمین کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) عبدالماجد جتوئی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بجلی ہر انسان کی بنیادی ضرورت ہے اور عوام کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کا قیام حیسکو کی جانب سے صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی تعاون، بجلی چوری کے خاتمے، بروقت بلوں کی ادائیگی اور حیسکو افسران و تکنیکی عملے کی مشترکہ کوششوں سے روشنیوں کا یہ سفر مزید کامیابیوں کے ساتھ جاری رہے گا۔ اس موقع پر اظہر سیال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور اس کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے عوام کا مبارکباد دی۔ اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل عقیل نور میمن نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو انتظامیہ روشنیوں کے سفر کو کامیابی سے جاری رکھتے ہوئے سٹیزن کالونی سب ڈویژن کے علاقے گلستان سجاد کے علاقے میں 24 گھنٹے بجلی دے رہے ہیں یہ سہولت آپکو کیسے میسر ہوئی اس کی تفصیل میں آپکو بتاتا ہوں چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا مشن ہے کہ اچھے صارفین کو 24 گھنٹے بجلی دی جائے حیسکو انتظامیہ آپکو یہ تحفہ دے رہا ہے اب آپ پر لازم ہے کہ نہ کوئی بجلی چوری کرے گا اور بجلی کے بل باقاعدگی سے جمع کرائینگے۔ اس موقع پر ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی نے بتایا کہ زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈر کرنے کے لیے ہم سب نے دن رات محنت کی ہے اور اس فیڈر پر 22 عدد ٹرانسفارمرز ہیں، 774 کنیکشنز ہیں، فیڈر پر ایچ ٹی کی لمبائی 3.5 کلومیٹر جبکہ ایل ٹی کی لمبائی 3 کلومیٹر ہے، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈ شیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گے تو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں ڈاکٹر نور محمد فیڈر کی جانب سے مہمانانِ خصوصی اظہر حسین سیال، ڈاکٹر کرشن سابق بی او ڈی ممبر حیسکو، ڈاکٹر لیلا رام، ونود کمار، منیر عباسی، حسین شیخ، خادم میرانی، غلام محمد قریشی، جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، ڈی جی میراڈ عبدالماجد جتوئی، انچارج پی ڈی سی غلام سرورانڑ، ایس ای سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو الہیار سید عاقب عباس شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنکل) سرکل حیدرآباد عامر نوید میمن، ایس ڈی او سٹیزن کالونی آفتاب ڈاہانی، لائزن آفیسر فراز اشرف، کوآرڈینیٹر ایس ڈی او ولید اد چانڈیو، ترجمان حیسکو محمد صادق کُبر سماجی رہنما جنید ڈاہری و دیگر سیاسی سماجی شخصیات، علاقہ معززین شریک۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، اظہر حسین سیال، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، ڈی جی میراڈ عبدالماجد جتوئی و دیگر افسران و 11 کے وی ڈاکٹر نور محمد فیڈر کو زیرو لوڈ شیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے